رہبر معظم کا مرحوم علامہ سید جعفر شہیدی کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 15 /Jan/ 2008

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے مرحوم علامہ سید جعفر شہیدی کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔
پیغام کا متن حسب ذیل ہے:
بسم اللہ الرحمن الرحیم
علامہ مرحوم سید جعفر شہیدی رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت کے موقع پر ان کے لواحقین ، دوستوں ، شاگردوں ، ارادتمندوں اور ملک کی یونیورسٹیوں کے علمی حلقے کو تعزیت پیش کرتا ہوں۔
مرحوم ایک ماہر ادیب،عمیق مؤرخ اور بزرگ و بلند مرتبہ انسان اور اس دور کے علمی مفاخر میں شمار ہوتے تھے۔مرحوم نے کئی گرانقدر علمی و قلمی آثار کو یادگار کے طور پر چھوڑا ہے۔ خداوند متعال اس مؤمن انسان پر اپنی رحمت واسعہ نازل فرمائے اور اسے اپنے اجداد کے ساتھ محشور کرے ۔
سید علی خامنہ ای
25 / 10 /86
مطابق
15 /1 / 2008